شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے‘ ماڈل ٹائون لاہور‘ فون: 042-35869501‘ ای میل: media@tanzeem.org

4جون2025ء

پریس ریلیز

یومِ عرفہ پر حجاجِ کرام امتِ مسلمہ کی عظمت رفتہ کی بحالی کے لیے خصوصی دعا کریں۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): یومِ عرفہ پر حجاجِ کرام امتِ مسلمہ کی عظمت رفتہ کی بحالی کے لیے خصوصی دعا کریں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ یومِ عرفہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے انتہائی بابرکت دن ہے۔ عازمینِ حج یومِ عرفہ کی بابرکت ساعتوں میں اللہ تعالیٰ کی کبریائی بیان کرتے ہیں اور اپنے گناہوں کی معافی کے طالب ہوتے ہیں۔ اُنہوں نے دعا کی کہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ تمام عازمینِ حج کی حاضری کو قبول فرمائے، اُنہیں یومِ عرفہ کی بیش بہا برکات سے نوازے اور اُنہیں دنیا و آخرت کی تمام بھلائیاں عطا فرمائے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ دنیا بھر سے مسلمان بلا تفریق رنگ و نسل اور زبان و قومیت شہرِ مکہ میں جمع ہوتے ہیں تاکہ مناسک حج ادا کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کر سکیں۔ اُنہوں نے کہا کہ آج امتِ مسلمہ کو دعا کے ساتھ دوا کی بھی اشد ضرورت ہے۔ غزہ میں جاری مسلسل اسرائیلی درندگی کو تقریباً 20 ماہ گزر چکے ہیں لیکن 57 مسلمان ممالک صہیونی جارحیت کے خلاف اور فلسطینی مسلمانوں کی حمایت میں آواز بلند کرنے سے بھی خوف زدہ ہیں چہ جائیکہ اس حوالے سے کوئی عملی قدم اُٹھایا جائے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کی تکبیر کو عملی طور پر بلند کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ آج مسلمانوں کی ذلت و رسوائی کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اُنہوں نے اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کے احکامات کو پس پشت ڈال دیا ہے اور دنیا میں اسلام کا نظامِ عدلِ اجتماعی کہیں بھی نافذ نہیں۔ یومِ عرفہ کا اصل پیغام یہی ہے کہ مسلمان صحیح معنوں میں اُمت واحدہ کی صورت اختیار کریں اور رب کی دھرتی پر رب کا نظام نافذ ہو تاکہ ہمیں اللہ کی رضا اور نصرت بھی حاصل ہو سکے، دشمنانِ اسلام کو بھی دنداں شکن جواب دیا جائے اور ہماری دنیا اور آخرت دونوں سنور جائیں۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرو اشاعت